

# NIDA-E-USMAN

## NEWSLETTER

## اداریہ

الحمدللہ ہمارا ایک اور تعلیمی سال کامیابی کے ساتھ مکمل ہوا۔اللہ تعالی ہمیں آنے والے تعلیمی سال کو اس سے بھی زیادہ بہتر انداز میں پوری منصوبہ بندی کے ساتھ گزارنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

ہمارا یہ سالانہ رسالہ ہماری محنت, اساتذہ کی تگ و دو اور انتظامیہ کی شفقت کے نتیجے میں ہمارے ہاتھوں میں ہے۔ ہم اس ایڈیشن کی پیشکش پر اللہ رب العزت کے صد شکر گزار ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالی ہماری تخلیقی اور چھپی ہوئی صلاحیتوں کو مزید اجاگر کریں۔

اس سلسلے میں یہ حدیث ہماری رہنمائی کرتی ہے:
اپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو۔

1- اپنی جوانی کو بڑھاپے سے پہلے
2- صحت کو بیماری سے پہلے
3- مالداری کو محتاجی سے پہلے
4- فراغت کو مصروفیت سے پہلے
5- اور زندگی کو موت سے پہلے

بچو! ابھی ہم چھوٹے ہیں کل کو ہم بڑے ہوں گے ہم مالدار ہو جائیں گے۔
ابھی ہم فارغ ہیں بڑی ذمہ داریوں سے کل کو مصروف ہو جائیں گے۔
ابھی ہمارے پاس زندگی کے قیمتی ایام اور اوقات ہیں کل کو ہم سب کو مر جانا ہے۔
لہذا ابھی سے بقیہ زندگی گزارنے کے لیے مکمل منصوبہ بندی کر لیں تاکہ ہمارا وقت ضائع نہ ہو۔

## القرآن

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ یَهْدِیْ لِلَّتِیْ هِیَ اَقْوَمُ وَ یُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِیْرًاۙ ۝ (سورۃ الاسرا)

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ یہ قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو بالکل سیدھی ہے جو لوگ اسے مان کر بھلے کام کرنے لگیں انہیں یہ خوشخبری دیتا ہے کہ ان کے لیے بہت بڑا اجر ہے۔

## الحدیث

خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَہُ (الصحیح البخاری)

ترجمہ: تم میں بہترین شخص وہ ہے جو خود قرآن سیکھے اور دوسروں کو بھی سکھائے۔

## سنہری بات

خذوادعوۃ القرآن والسنۃ وانتشروافی مشارق الارض ومغاربھا (امام مودودی)

ترجمہ: قرآن وسنت کی دعوت لیکر اٹھو اور پوری دنیا پر چھا جاؤ۔

# ENGLISH STORIES

## THE SPORTS DAYS



Annual sports days is an important event in the life of every school or collage. sports themselves have vital role in making men sound physically as well as mentally. The annual sports Day of our school was held last week. It was held in the playground of our school last week the deputy commissioner was the chief guest. The whole playground was decorated with flags bunting, and balloon and earlier the chief guest arrived in time. He took the salute. Then the game started. There performance. In the events a few new records of the school were established, the cheif guest gave award the prizes to the winner. Sports meet close and it was over.

**M Usman Khan ( 5 Yellow )**

## THE GLORY OF ALLAH



One day a man named Shahzad was going to mosque to pray he saw a child playing and fighting others. Shehzad told him to come to mosque and pray but he refuse to listen he punched Shahzad and Shahzad was now injured he was now in the hospital he was thinking of what will happen if he become bad and his future will be destroyed but Allah dont leave them alone who worship Allah so Allah gave punish to the child he was wondering beneath the trees suddenly a tiger appeared and then he saw a tiger he ran for his life in the way he prayed Allah and then Shahzad come to save the child and kill the tiger using a dagger then the child apologize Shahzad and the child went home Shahzad prayed Allah and he went home too.

**Hamid ( 4 Yellow )**

## THE FIFTEEN EXPLORERS



Fifteen people decided to explore a big old forest. They packed some snacks and started their trip. After walking for a long time, they got very tired. They also ran out of food. They found some mules and ate them to fill their hungry bellies. They kept walking and soon they were hungry again. Then they saw a small, young baby goat. The people caught it and ate the baby goat. Suddenly, the baby goat's mother goat came running toward them. She was very angry. The mother goat killed all fifteen people because they ate her baby.

**Moral:** Action have consequences,especially when you harm innocent creatures.

**M Humayl ( 4 Blue )**

## CIVIC SENCE (CIVILIZE SOCIETY)

Why we need a civilize society?
For we alive we need a civilize society. If we not a civilize society we doesn't live in a society.
What is civic sence??



A civic sence is our eating, drinking, walking, running,playing and dressing style like behaving culture is depend on art of designing roads, places, public some one washing dishes like Punjabi's, sindhi's , balochi's. including diary about CIVIC SENSE
In the city of Noorabad, there was clock tower in the center of town. People believe the clock was magical because as long as it worked the city remained peaceful and organized. Over time, some people in Noorabad grew careless. They throw garbage on the streets. They broke traffic rules. They pushed in lines. They damaged public property and blamed government for every problem.
One morning the clock tower stopped first, no one cared But soon, buses began late, markets opened irregularly worked student reached school at wrong time. increased Accidents. There was a clock maker whose name has broken one day he gathered and said, they lock isn't stop our civic sense is stop. At first they laughed him but he continued. At the next day people saw all work is clean, time goes correctly. became fewer people started walking in lines. then people understand the clock tower don't stops
its our own mistakes.

**M Razeen Rizwan ( 5 Green )**

## IMPORTANCE OF SPORTS GROUND

Our school does not have a playground and it is very important for children to have one. A playground helps children stay fit and healthy because they can run, play games and exercise. It also makes children happy and reduces stress, which is good for their mental health. Playing together helps children learn teamwork, sharing and making friends. It also improves creativity and imagination. A playground is a need for fun, and it helps children grow physically, mentally and socially. Every school should have a playground so that students can learn better and enjoy their school life



**Ibad Ali Hayat ( 5 Blue )**

## THE DUMPER ACCIDENT

One there was a boy who was walking on the road from home to school but a truck came down to him and he passed away. A police officer was passing by and called the ambulance. 5 min later it arrived and the doctor said "why didn't you helped him" and the officer said "I just came my donut one of us more important for me." The doctor stop talking if you want you could have saved a life. When the boy was hospital, his parents came and cried when the doctor said that it was the officer's fault to the boy's father was the officer was so he told the officer that he is fired. They all prayed for boy his safety and few Jannat for the boy. The boy might be his parents only son or even their only child.

**Moosa Asif ( 4 Green )**



## MY HOME

My favourite place is my home. It is the place where I feel the most comfortable, safe, and happy. No matter where I go, I always feel relaxed when I return home. My home is special to me because my family is here. We spend time together, talking, laughing, and sharing meals. After a long day at school, I like to sit in my room, listen to music, or read storybooks. It helps me forget my worries and feel calm.

Another reason my home is my favourite place is because I can be myself there. I do not feel shy or stressed. I can rest, study, and enjoy my hobbies freely. Every corner of my home holds old memories that make me smile. In conclusion, my home is my favourite place because it gives me comfort and love. It is not just a building, but a place filled with care and happiness.

**Hasan Ali ( 3 Purple )**



# ENGLISH STORIES

## MY IDENTITY

My identity is Pakistan I am proud to say that I am a Pakistani Pakistan is my homeland and it is very special to me it is place where I was born and where my family lives when I see my country green and white flag I feel happy and proud and sad Pakistan was made on 14th August 1947 are great leader are great leader Quaid e Azam Mohammad Ali jinna work very hard to make Pakistan and independence country have our own free country today Pakistan is a beautiful country it has tall mountain green Fields why rivers and sandy as it people in Pakistan speak different cultures but we all left together as one nation our national Moto is unity face and discipline these words teachers and keeping my surrounding clean I want to grow up and serve my country my pride and my home.



**Shahzain Khan ( 3 Red )**

## MY FAVOURITE GIFT

My name is Hasan Irshad. I am a very curious boy, and I love getting gifts. I had a special wish in my heart. I really wanted a wristwatch.

One evening, after Maghrib prayers, my father called me. I quickly went to him.

My father gave me a small box. I asked, “Father, is it for me?” He smiled and said, “Yes.” I quickly opened the box. Inside, there was a beautiful wristwatch. I was very happy to see my favourite gift.

My father smiled and said, “Remember, my son, every gift is a blessing. When we give gifts to each other, it brings love between us".



**Hasan Arshad ( 3 Yellow )**

## EID MILAN PARTY AT SCHOOL

Today we celebrated an Eid Milan party at our school. I woke up early and got ready with great excitement. I reached school at 8:00 a.m. First, we met our teachers and greeted them with a smile. Then we met our friends and happily said “Eid Mubarak” to each other.

After that, we went to our classes and sat together. All the students brought different dishes. Some students brought spring rolls, chips, rice, juices, pizza, sandwiches, and burgers. We shared our food with our friends and teachers and enjoyed eating together.

After lunch, we played fun games and laughed a lot. It was a very happy time for all of us. In the end, we thanked our teacher for arranging such a wonderful Eid Milan party. At 10:00 a.m., we went back home with big smiles and happy memories.

**Rohaan Shehryar( 3 Green )**

## رمضان المبارک

رمضان المبارک کے اسلامی سال کا نواں مہینہ ہے اس مہینے میں مسلمان روزے رکھتے ہیں روزے کو عربی میں صوم کہتے ہیں جس کا مطلب ہے کسی چیز سے رکنا، ترک کرنا .شریعت کی اصطلاح میں صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے سے رک جانا اور دیگر خواہشات کو ترک کرنے کا نام روزہ ہے۔

رمضان المبارک قرآن پاک کا مہینہ ہے ،پورے رمضان تراویح کی صورت میں دورہ قرآن کیا جاتا ہے۔
رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کرنا سنت ہے اس لیے آخری عشرے کی طاق راتوں میں لیلۃ القدر بھی تلاش کرنی چاہیے۔

یہ بہت خیر و برکت والی رات ہے اس میں روزہ دار کی دعا قبول ہوتی ہے اور روزہ رکھنے سے اللہ تعالی کا قرب عطا ہوتا ہے اللہ عزوجل ہمیں اس رمضان میں اخلاص کے ساتھ روزے رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

محمد علی وقاص احمد
جماعت سوم (سرمئی)



## عید الفطر

مسلمان ہر سال رمضان کے روزے رکھنے کے بعد آخری روزے کو عید کا چاند دیکھتے ہیں اور یکم شوال کو عید الفطر مناتے ہیں۔ اس سال ہم بھی آخری افطار کر کے چھت پر عید کا چاند دیکھنے کے لیے گئے ۔بہت دیر آسمان پر غور کرکے دیکھنے کے بعد میری بہن چلائی، وہ رہا چاند۔ وہ رہا چاند۔ پھر ہم سب نے ایک دوسرے کو چاند کی مبارک باد دی۔



پھر میں اور میرے ابو اور میرا بھائی عشاء کی نماز پڑھنے چلے گئے اور پھر ہم واپس آکر سو گئے اور امی تیاریاں کرنے لگیں۔ صبح ہوتے ہی ہم سب نے عید الفطر کی نماز پڑھی اور پھر ابو اور چاچو نے ہمیں عیدی دی۔

محمد طاہر
جماعت سوم (گولڈن)


# کہانیاں

## فلسطین

اب دو سال ہونے کو آرہے ہیں اسرائیل فلسطین پہ ظلم ڈھائے جا رہا ہے۔ تمام مسلم ممالک اپنے اپنے مسئلوں میں الجھے ہوئے ہیں اور اُدھر مسلمان بھوک اور پیاس سے شہید ہو رہے ہیں اور اِدھر ہمارے حکمران اپنی عیاشی میں لگے ہوئے ہیں۔

سوشل میڈیا کے ذریعے ایسی دردناک خبریں ملی ہیں کہ جن کو سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ غزہ میں تو اب گود کے بچے تک شہید ہو رہے ہیں۔ حماس جیسی جماعت کے رہنما شہید ہو رہے ہیں پہلے اسماعیل ہنیہ پھر یحی سنوار بھی شہید ہو گئے ہیں لیکن ہمیں فکر نہیں ہے۔ اب تو صرف دعا کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالی ہمیں ہدایت دے۔

محمد بن عادل
جماعت پنجم (یلو)



## کھیتی باڑی کا پیشہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک کسان کھیتی باڑی کر رہا تھا کہ تب ہی اس کے سامنے ایک امیر آدمی آیا اور پیسوں کا غرور کرنے لگا اور کسان کو بولنے لگا کہ تم تو اتنے چھوٹے پیشے میں کام کرتے ہو اور کہنے لگا تم اس پیشے سے کتنے پیسے کما لیتے ہو؟ کسان مایوسی سے بولنے لگا کہ صاحب! آپ تو بہت زیادہ پیسے کما لیتے ہوں گے! امیر آدمی نے جواب دیا، ہاں، تم اتنے پیسے ایک ماہ میں بھی نہیں کما سکتے۔ یہ کہہ کر امیر آدمی ادھر سے چلا گیا۔ اگلے دن اس امیر آدمی کے گھر پہ اناج اور پھل ختم ہو گئے۔ اس نے ساری دُکانیں دیکھیں مگر وہ ساری دکانیں بند تھیں۔ اس نے سوچا کہ میں اس کسان کے پاس جاتا ہوں، تب ہی وہ اس کے کھیت میں پہنچا۔ کسان نے پوچھا، ارے صاحب! آپ یہاں کیسے آئے ہو؟ امیر آدمی نے بولا میرے گھر کا اناج ختم ہو گیا ہے۔ کیا تم مجھے تھوڑا اناج دے سکتے ہو؟ کسان نے بولا، ٹھیک ہے، میں آپ کو اناج دے دیتا ہوں۔ جب تک وہ اناج باندھ رہا تھا امیر آدمی کو احساس ہوا کہ کھیتی باڑی بھی ایک ضروری پیشہ ہے پھر کسان جب اس کو اناج دینے لگا تو امیر آدمی نے اپنے برے کام کی معافی مانگی اور بولا کہ آئندہ کبھی غرور نہیں کرے گا۔



محمد عماد
جماعت سوم (سفید)

# کہانیاں

## میرا اسکول

میرے اسکول کا نام عثمان پبلک اسکول ہے ۔میرا اسکول خوبصورت اور بڑا ہے ،اسکول کے اندر صاف اور روشن کلاس رومز ہیں۔یہاں بہت سے اساتذہ ہیں جو ہمیں پڑھاتے ہیں ، ہماری مدد کرتے ہیں اور ہمیں اچھی عادتیں بھی سکھاتے ہیں۔



میرے پسندیدہ استاد کا نام سر تاج ہے۔ ہمارے اسکول میں ایک بڑا میدان ہے جہاں میں دوستوں کے ساتھ فٹبال کھیلتا ہوں۔ اسکول میں ایک لائبریری ہے اس میں بہت ساری کتابیں ہیں جو میں اسکول میں ہی پڑھتا رہتا ہوں اور ہم سب اس لائبریری سے بہت فائدہ اٹھاتے ہیں۔

غفران
جماعت سوم (گولڈن)

## دعا کی طاقت

صبح کا سماں تھا سب اپنے اپنے گھر میں نیند کی جھپکیاں لے رہے تھے احمد آج بہت خوش تھا اس نے صبح صبح پورا گھر سر پر اٹھا لیا کیوں کہ آج اس کے ابو نے وعدہ کیا تھا کہ وہ اس کو باہر گھمانے کے لیے لے کر جائیں گے وقت گزرنے کے بعد تین بجے احمد کے ابو اس کو باہر لے گئے وہ اس کو باہر لے جانے سے پہلے ہمیشہ دعا پڑھاتے تھے لیکن آج احمد کے ابو نے اس کو دعا نہیں پڑھائی۔ راستے میں بہت ٹریفک تھا، گاڑیوں کی لمبی قطار تھی کافی دیر بعد وہ احمد کو اس کی خالہ کے گھر لے آئے احمد نے خالہ کو سلام کیا اور ان کے گلے لگ گیا پھر احمد نے اپنی خالہ سے کہا کہ ابھی ہم لوگ کسی پارک میں چلتے ہیں ،اس کی خالہ نے کہا ،چلو ٹھیک ہے۔ سب نے پارک جانے کی تیاری شروع کی اور پارک کے لیے روانہ ہوگئے ۔ سب نے جانے سے پہلے دعا پڑھی مگر احمد کے کزن زوہان نے نہیں پڑھی۔



# کہانیاں

کافی دیر کا سفر طے کرنے کے بعد وہ سب پارک پہنچ گئے ،پارک میں تھری ڈی سینما میں ڈائنا سور کا شو چل رہا تھا۔ سب اندر داخل ہوئے اور اپنی اپنی سیٹوں پر جا کر بیٹھ گئے ۔ شو ختم ہونے سے تھوڑی دیر پہلے احمد نے زوہان کے کان میں کہا آجاؤ باہر کہیں چلتے ہیں۔ زوہان نے بولا ٹھیک ہے وہ دونوں باہر آ گئے ۔ اچانک ان کے سامنے ایک گاڑی آ گئ انہوں نے زوہان کو اٹھایا اور اپنے ساتھ لے گئے۔ احمد ان کے پیچھے بھاگا اور اللہ سے دعا کی ۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ اچانک ان کی گاڑی رک گئ وہ سب زوہان کو چھوڑ کر پیدل بھاگ گئے۔ اتنی دیر میں زوہان کے گھر والے آ گئے اور انہوں نے اس کو اپنے گلے سے لگایا اور احمد کو شاباشی دی اور پھر زوہان کو سمجھایا کہ باہر جانے سے پہلے دعا پڑھنی چاہیے ۔

محمد احد شیخ
جماعت پنجم (نیلا)

## عید الاضحیٰ

عید الاضحی ہمیں ایثار اور قربانی کا سبق اور جذبہ دیتی ہے اور ہمیں صبر اور برداشت کرنا سکھاتی ہے، اس موقع پر ہم اپنے پسندیدہ جانور کو اللہ کی راہ میں قربان کرتے ہیں۔ یہ وہ عظیم تہوار ہے جو ہم اللہ کے پیارے نبی حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیھما السلام کی یاد میں مناتے ہیں ۔

واقعہ یوں ہے کہ ایک دن حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب آیا ، خواب میں دیکھا کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں ۔ حضرت ابراہیم نے اپنے بیٹے سے یہ خواب بیان فرمایا تو حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کہا بابا جان ! اگر یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے تو آپ مجھے اللہ کی راہ میں قربان کر دیجیے۔ اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اپنے ساتھ لیا اور منیٰ میدان کی طرف چل دیئے ۔ منیٰ کی گرم تپتی ریت پر لٹایا تو حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کہا بابا جان ! ایک عرض ہے اگر آپ کو تکلیف نہ پہنچے تو آپ میری آنکھوں اور اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ دیجیے تاکہ میری گردن پر چھری پھیرتے وقت آپ کا ہاتھ نہ رک جائے ۔

بیٹے کی بات سن کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آنکھوں پر پٹی باندھ کر جیسے ہی چھری گردن پر رکھی اسی وقت آسمان سے ندا آئی :"اے ابراہیم ! تو نے خواب سچ کر دکھایا" اور اسی وقت فرشتہ ایک دنبہ لے آیا۔ اس طرح اللہ کے پیارے اپنے رب کے اس امتحان میں کامیاب اور سرخرو ہوئے۔ آج دنیا میں عید الاضحیٰ حضرت ابراہیم و اسماعیل علیھما السلام کی یاد میں منائی جاتی ہے۔



ابوبکر کامران
جماعت سوم (گلابی)

# بابرکت مہینہ۔ رمضان

رمضان المبارک اسلامی سال کا نواں مہینہ ہے اور مسلمانوں کے لیے نہایت مقدس اور بابرکت مہینہ ہے۔ اس مہینے کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ اس میں اللہ تعالی نے قران مجید نازل فرمایا جیسا کہ قران مجید میں ارشاد ہے کہ " رمضان وہ مہینہ ہے جس میں لوگوں کی ہدایت کے لیے قران اتارا گیا" اس مہینے میں عبادت کا ثواب عام دنوں کی نسبت کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے، رمضان کا سب سے اہم رکن روزہ ہے، روزہ اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک ہے ۔حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ ڈھال ہے جو انسان کو گناہوں اور برائیوں سے بچاتا ہے ،روزے کے ذریعے انسان صبر، برداشت اور تقوی سیکھتا ہے۔

صبح صادق سے لے کر غروب افتاب تک کھانے پینے اور دیگر خواہشات سے رکنا انسان میں ضبط ِنفس پیدا کرتا ہے، رمضان ہمیں ہمدردی اور مساوات کا درس بھی دیتا ہے۔ جب ایک امیر انسان بھی بھوک اورپیاس برداشت کرتا ہے اسے غریبوں اور محتاجوں کی تکلیف کا احساس ہوتا ہے اسی لیے اس مہینے میں زکوۃ، صدقہ اور خیرات دینے کی ترغیب دی جاتی ہے، لوگ دل کھول کر مستحق افراد کی مدد کرتے ہیں اور معاشرے میں بھائی چارہ اور محبت کو فروغ دیتے ہیں۔ اس مقدس مہینے کی ایک خاص عبادت نماز تراویح ہے جو عشاء کی نماز کے بعد ادا کی جاتی ہے ۔مساجد میں قران پاک سننے اور سنانے کا اہتمام کیا جاتا ہے ،رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں ایک بہت ہی اہم رات لیلۃ القدر( شب قدر) ہے جو ہزار مہینوں سے زیادہ بہتر ہے۔

اس رات میں عبادت کرنے والے کو بے شمار اجر و ثواب ملتا ہے۔اس کے علاوہ رمضان ، تقوی اور شکر کا مہینہ بھی ہے، یہ ہمیں اپنی اصلاح کا موقع فراہم کرتا ہے اور برائیوں سے بچ کر نیکی کی راہ اختیار کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اگر ہم رمضان کی حقیقی روح کو سمجھ کر اس پر عمل کریں تو ہماری دنیا اور آخرت دونوں سنور سکتی ہیں۔

اللہ تعالی ہمیں رمضان کی برکتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

محمد روحان مظفر
جماعت پنجم(نیلا)



## علم بڑی دولت ہے

انسان کی زندگی میں بہت سی نعمتیں اور دولتیں ہوتی ہیں ۔کچھ لوگ مال و دولت کو سب کچھ سمجھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ دولت ہی اصل طاقت ہے- بلا شبہ دولت انسان کی بہت سی ضروریات پوری کر دیتی ہے ،وہ زندگی میں آسانیاں پیدا کرتی ہے لیکن اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ دولت سے بڑھ کر ایک اور دولت موجود ہے ،وہ ہے علم -اسی لیے کہا جاتا ہے کہ علم سے بڑی کوئی دولت نہیں- دولت ایسی چیز ہے جو کبھی بھی انسان کے پاس ہمیشہ نہیں رہتی ، یہ ختم ہو سکتی ہے، ضائع ہو سکتی ہے، اور چوری بھی ہو سکتی ہے ۔دولت انسان کو وقتی خوشی دیتی ہے مگر یہ ہمیشہ ساتھ نہیں دیتی ،اس کے برعکس علم ایک ایسی دولت ہے جو انسان کے دل و دماغ میں محفوظ رہتی ہے ، نہ چوری ہو سکتی ہے، نہ جل سکتی ہے اور نہ ہی ختم ہو سکتی ہے ۔علم جتنا خرچ کیاجائے اتنا ہی بڑھتا ہے اور جتنا دوسروں کو سکھایا جائے اتنا ہی پھیلتا ہے ۔علم انسان کا شعور اور سمجھ عطا کرتا ہے ،علم کی وجہ سے انسان اچھے اور برے میں فرق کر سکتا ہے، وہ صحیح راستہ اختیار کرتا ہے ۔علم انسان کی سوچ کو وسیع کرتا ہے اور اسے زندگی کے مسائل حل کرنے کے قابل بناتا ہے ۔علم انسان کے اخلاق و کردار کو سنوارتا ہے ،علم کی روشنی سے انسان میں برداشت ،صبر اور عاجزی پیدا ہوتی ہے۔

علم انسان کو اپنے حقوق اور فرائض سے آگاہ کرتا ہے۔ علم ہی کی بدولت معاشرہ ترقی کرتا ہے ،قوموں کی ترقی میں بھی علم کا بڑا کردار ہوتا ہے ۔

آج دنیا میں جہاں بھی ترقی ہے ،وہ علم کی وجہ سے ہے ،سائنس ،ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں جو ترقی ہوئی ہے ،وہ علم ہی کا نتیجہ ہے۔ اسلام میں بھی علم کی بہت اہمیت ہے، اسلام نے ہمیں علم حاصل کرنے پر زور دیا ہے ۔آپ ﷺ نے فرمایا "علم حاصل کرنا ہے ہر مسلمان پر فرض ہے"

محمد سعد خان
جماعت پنجم (سبز)



## سچائی کا راستہ

احمد جماعت پنجم کا طالب علم تھا ،وہ ایک متوسط گھرانے سے تعلق رکھتا تھا ۔اس کے والدین ہمیشہ اپنے بچوں کو اچھی تعلیم اور اچھے اخلاق کی تلقین کیا کرتے تھے،خاص طور پر سچ بولنے پر بہت زور دیا کرتے تھے ،ان کہنا تھا کہ سچ کو اپنے اوپرلازم کر لو کیونکہ ہمارے پیارے نبی ﷺ نے فرمایا:"تم پر سچ بولنا لازم ہے کیونکہ سچ نیکی کا راستہ ہے اور نیکی جنت میں لیکرجاتی ہے"۔احمد ان باتوں کو سنتا تو تھا مگر اسے اندازہ نہیں تھا کہ زندگی میں سچ بولنا کبھی کبھی کتنا مشکل ہوجاتا ہے اوسچ بولنے پرکتنا سکون ہوتا ہے۔ایک دن کی بات ہے کہ اسکول میں سائنس کا پریکٹیکل چل رہا تھا ، استاد نے بچوں کو شیشے کے برتن دیے ہوئے تھے ،احمد سے غلطی سے ایک برتن گر کر ٹوٹ گیا، احمد گھبرا گیا، اس نے سوچا اگر اس نے سچ بتایا تو اسے سزا مل سکتی ہے اور جرمانہ بھی دینا پڑ سکتا ہے۔

استاد نے بلند آواز میں پکار کر بولا ، یہ برتن کس نے توڑا ؟ کلاس میں مکمل خاموشی چھا گئی۔ احمد کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی، وہ چاہتا تو خاموش رہ سکتا تھا کیونکہ اسے کسی نے برتن توڑتے ہوئے نہیں دیکھا تھا لیکن پھر اسے اپنے ابو کی بات یاد آئی ،بیٹا ! سچ بولنے والا کبھی شرمندہ نہیں ہوتا اور سچ بولنا ایک اچھی عادت ہے ،جو شخص جھوٹ بولتا ہے وہ اس جھوٹ کو چھپانے کے لیے ایک اور جھوٹ بولتا ہے، اسی طرح وہ جھوٹ بولتا چلا جاتا ہے اور کسی دن پکڑا جاتا ہے۔ احمد نے ہمت کی اور کھڑا ہو کر بولا ،سر!یہ برتن غلطی سے مجھ سے ٹوٹا ہے ۔استاد نے اسے غور سے دیکھ کر کہا ،غلطی سب سے ہوتی ہے لیکن سچ بولنے کی ہمت سب میں نہیں ہوتی ۔سچ بولنے پر مجھے تم پر فخر ہے۔ اس دن احمد کو احساس ہوا کہ سچ بولنے سے دل کو کتنا سکون ملتا ہے۔

**محمد مجتبیٰ**
**جماعت پنجم (پیلا)**



## میرا اسکول

میرا نام محمد شارم ہے۔ میں جماعت پنجم کا طالبِ علم ہوں۔ آج میرا مضمون "میرا اسکول" ہے۔میرے اسکول کا نام عثمان پبلک اسکول ہے۔ ہمارے اسکول کے 52 سے بھی زیادہ کیمپسز ہیں۔ میرا اسکول بہت بڑا اور نہایت خوبصورت ہے۔ اسکول کی عمارت صاف ستھری اور کشادہ ہے، جس کی وجہ سے یہاں پڑھنے کا دل چاہتا ہے۔

میرے کلاس ٹیچر کا نام سر سرور ہے۔ وہ ہمیں ریاضی پڑھاتے ہیں۔ وہ ریاضی اس قدر آسان اور اچھے انداز میں سمجھاتے ہیں کہ ہم تمام سوال خود حل کر لیتے ہیں۔ میرے انگریزی کے استاد کا نام سر زوار ہے۔ وہ میرے پسندیدہ اساتذہ میں سے ہیں۔ وہ انگریزی بہت اچھی طرح پڑھاتے ہیں اور ان کی محنت کی وجہ سے مجھے ہر بار انگریزی میں پورے نمبر ملتے ہیں۔میرے اردو کے استاد سر تاج علی ہیں۔ وہ بھی بہت اچھے اور محنتی استاد ہیں۔ وہ اردو نہایت آسان انداز میں سمجھاتے ہیں، اسی وجہ سے مجھے اردو کے امتحان میں ہمیشہ پورے نمبر ملتے ہیں۔ میرے سائنس کے استاد سر رحمان ہیں۔ وہ ہمیں دنیا اور کائنات کے بارے میں دلچسپ معلومات دیتے ہیں۔ میرے اسلامیات کے استاد سید یاسر ہیں۔ وہ ہمیں اسلام کے بارے میں اچھی اور سبق آموز باتیں بتاتے ہیں۔ بعض اوقات وہ ایسی باتیں بھی بتاتے ہیں جو میرے لیے نئی ہوتی ہیں۔میرے فہمِ قرآن کے استاد سر عامر ہیں۔

وہ ہمیں قرآنِ پاک کی تعلیم دیتے ہیں اور مختلف سرگرمیوں میں بھی حصہ لینے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ معاشرتی علوم کے استاد سر ابو طالب ہیں۔ وہ ہمیں معاشرے اور ملک کے بارے میں اہم معلومات دیتے ہیں اور بعض اوقات ایسی دلچسپ باتیں بتاتے ہیں جنہیں سن کر مجھے حیرت ہوتی ہے۔مجھے اپنے تمام اساتذہ بہت پسند ہیں، لیکن سب سے زیادہ مجھے اپنے کلاس ٹیچر سر سرور پسند ہیں کیونکہ وہ نہایت محبت اور خلوص سے پڑھاتے ہیں۔مجھے اپنا اسکول بہت اچھا لگتا ہے کیونکہ یہاں بہترین اساتذہ موجود ہیں جو ہمیں اچھی تعلیم دیتے ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اسکول کو ترقی دے اور ہمارے اساتذہ کو صحت اور کامیابی عطا فرمائے تاکہ وہ اسی طرح بچوں کو اچھی تعلیم دیتے رہیں۔

شارم
جماعت پنجم (نیلا)



## علم کی روشنی

گاؤں کے کنارے ایک چھوٹا سا گھر تھا جہاں احمد اپنے والدین کے ساتھ رہتا تھا۔ اس کے والد کسان تھے اور والدہ سلائی کا کام کرتی تھیں۔ وہ سلائی کر کے گھر کے اخراجات میں مدد دیتی تھیں۔اگرچہ گھر کے حالات زیادہ اچھے نہ تھے، لیکن ایک چیز کی کبھی کمی نہیں تھی، اور وہ تھی تعلیم کی اہمیت کا احساس۔احمد بچپن ہی سے پڑھنے کا شوقین تھا۔ جب دوسرے بچے کھیل کود میں مصروف ہوتے، وہ درخت کے سائے تلے بیٹھ کر اپنی کتاب کھول لیتا۔ اس کے استاد، جناب حامد، اکثر کہا کرتے تھے:"بیٹا ! تعلیم وہ خزانہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا۔"یہ بات احمد کے دل میں گھر کر گئی تھی۔

اسکول گاؤں سے تین کلومیٹر دور تھا۔ احمد روزانہ صبح سویرے اٹھتا، سادہ سا ناشتہ کرتا اور پیدل اسکول روانہ ہو جاتا۔ گرمی ہو، سردی ہو یا بارش، اس کے قدم کبھی نہیں رکتے تھے۔ اس کے دوست اکثر حیران ہوتے کہ وہ اتنی محنت کیوں کرتا ہے۔ احمد مسکرا کر کہتا، "میں بڑا ہو کر اپنے والدین کا سہارا بننا چاہتا ہوں۔"وقت گزرتا گیا۔ احمد نے ہر جماعت میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔ اس کی لگن اور محنت دیکھ کر اساتذہ بھی اس کی مدد کرنے لگے۔ آخرکار وہ دن آگیا جب اس نے اعلیٰ تعلیم کے لیے شہر کی ایک بڑی درسگاہ میں داخلہ حاصل کر لیا۔ یہ گاؤں والوں کے لیے فخر کا لمحہ تھا۔چند سال بعد احمد ایک قابل استاد بن کر اپنے ہی گاؤں لوٹا۔ اس نے وہاں ایک نیا اسکول قائم کیا تاکہ کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔

# کہانیاں

## علم کی روشنی

ایک دفعہ اسامہ اور اس کے تمام خاندان والے نانی کے گھر عید کی دعوت میں جمع ہوئے ۔ سب بہت خوش تھے اور آپس میں مل کر باتیں کر رہے تھے۔ بچے اپنے کھیل میں مگن تھے، رات کے کھانے سے پہلے عیدی بانٹنے کا سلسلہ شروع ہوا ،ہر کوئی بچے اور بڑے کو عیدی بانٹ رہا تھا کہ اسامہ کی خالہ نے بھی اپنا بیگ عیدی بانٹنے کے لیے اٹھایا پھر وہ دیکھتی ہیں کہ ان کے بیگ سے تو پیسے ہی غائب ہیں ،سب طرف خاموشی چھا گئی اور یہ سوچنے لگے کہ گھر سے پیسے کیسے غائب ہو سکتے ہیں؟ پھر کچھ وقت گزرنے اور پوچھ گچھ کے بعد کوئی نتیجہ نہیں نکلا تو پھر سب نے بچوں کی تلاشی لینے کا فیصلہ کیا ۔ کچھ بچوں کی تلاشی لینے کے بعد جب اسامہ کی باری آئی تو پیسے اسامہ کی جیب سے نکل آئے ۔گھر میں خاموشی چھا گئی پھر نانی نے آگے بڑھ کر اسامہ کو اپنے پاس بلایا اور اسے سمجھایا کہ چوری کرنا بری بات ہے ،اس سے اللہ ناراض ہوتا ہے اور آپ لوگوں کی نظروں میں بھی جھوٹے ہو جاتے ہیں۔



جب کوئی شخص چوری کرتا ہے تو بظاہر اسے کوئی نہیں دیکھ سکتا لیکن اللہ تو دیکھتا ہے اور فرشتے بھی ہمارے نامہ اعمال میں گناہ لکھ دیتے ہیں ۔نانی کی بات سن کر اسامہ بہت شرمندہ ہوا اور اس نے خالہ سے معافی مانگی اور وعدہ کیا کہ وہ آئندہ ایسا کوئی کام نہیں کرے گا جس سے اللہ ناراض ہو۔

**محمد موحد**
**جماعت سوم (سرمئی)**

## انوکھی محبت

علی اور صارم ایک ساتھ ہی یتیم خانے میں داخل ہوئے تھے۔اس وقت علی تین سال، صارم کی عمر 10 سال تھی۔دونوں کو ایک کمرے میں بھیجا گیا جب سے ہی دونوں میں دوستی تھی۔ دونوں یتیم خانے کے نارم و سلوک کے باوجود ایک دوسرے کی سنگت میں خوش رہتے ،یتیم خانے میں بہت فنڈز آتے تھے اس کے باوجود یہاں بچوں پر ضرورت کے مطابق بھی خرچ نہیں کیا جاتا ،اسٹاف کا رویہ بھی بچوں کے ساتھ ہتک امیز ہوتا ،ضرورتوں کا بالکل خیال نہیں رکھا جاتا ۔علی اور صارم کی طرح وہاں اور بھی بچے ایک دوسرے کے ساتھ خوش رہنے کی کوشش کرتے تھے۔

ایک دن علی نے سارم سے کہا ،بھائی ! آپ نے مجھے جنت کی کہانی سنائی تھی نا ،ہاں سنائی تھی، صارے نے کہا تو کیا آپ نے جنت دیکھی ہے؟ اس نے معصومیت سے پوچھا ،صارم نے کہا ، نہیں۔میری دادی نے یہ کہانی سنائی تھی ۔آپ نے کہا تھا کہ جنت میں بہت سارا

اب وہ بچوں کو وہی بات سکھاتا تھا جو اس کے استاد نے اسے سکھائی تھی کہ تعلیم انسان کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاتی ہے۔یہ کہانی ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ اگر ایک طالب علم عزم اور ہمت کو اپنا ساتھی بنا لے تو کوئی مشکل اس کا راستہ نہیں روک سکتی۔

منعم
جماعت پنجم(نیلا)



## اچھائی کا انعام

اچھائی انسان کی فطرت کا ایک حسین پہلو ہے۔ ہر مذہب، ہر معاشرہ اور ہر دور میں نیکی، سچائی اور بھلائی کو بڑی اہمیت دی گئی ہے۔ جب انسان دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے تو وہ صرف ایک فرد کی مدد نہیں کرتا بلکہ پورے معاشرے میں محبت اور امن کو فروغ دیتا ہے۔ اچھائی کا اثر وقتی نہیں ہوتا بلکہ اس کے نتائج دیرپا ہوتے ہیں۔زندگی میں بے شمار مواقع ایسے آتے ہیں جب ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہوتا ہے کہ ہم اچھائی کا راستہ اختیار کریں یا برائی کا۔ بعض اوقات اچھائی کرنا آسان نہیں ہوتا۔ حالات مشکل ہوتے ہیں، وسائل کم ہوتے ہیں اور لوگ قدر بھی نہیں کرتے۔

لیکن باکردار اور سچا انسان ہمیشہ نیکی کا راستہ چنتا ہے، کیونکہ وہ جانتا ہے کہ کوئی بھی نیکی ضائع نہیں جاتی۔انسان پر کی گئی بھلائی کسی نہ کسی صورت میں واپس لوٹتی ہے۔ کبھی وہی شخص ہماری مدد کرتا ہے، کبھی معاشرہ ہمیں عزت دیتا ہے اور کبھی اللہ تعالیٰ ہمیں ایسے انعامات سے نوازتا ہے جن کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔ اچھا اخلاق انسان کو لوگوں کے دلوں میں جگہ دلاتا ہے۔ نرم لہجہ، سچائی اور ہمدردی ایسے اوصاف ہیں جو شخصیت کو نکھارتے ہیں۔ جو شخص دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے دکھ درد کم کر دیتا ہے۔ اگر کوئی کسی کی غلطی معاف کر دے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ اس طرح اچھائی کا انجام ہمیشہ خیر اور بھلائی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔اچھائی صرف مال و دولت دینے کا نام نہیں۔ کسی کو مسکرا کر دیکھنا، حوصلہ افزائی کرنا، راستہ بتانا یا کسی کی بات صبر سے سن لینا بھی نیکی ہے۔ بسا اوقات ایک چھوٹا سا اچھا عمل کسی کی پوری زندگی بدل دیتا ہے۔اس لیے ہمیں ہر حال میں دوسروں کے ساتھ بھلائی کرنی چاہیے۔ اگرچہ کبھی ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اچھائی کا بدلہ برائی سے مل رہا ہے، لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ ہر نیکی کو دیکھتا ہے اور اس کا بہترین اجر عطا فرماتا ہے۔ اگر دنیا میں نہ ملے تو آخرت میں ضرور ملتا ہے۔ اسی یقین کے ساتھ کی گئی نیکی انسان کے لیے کامیابی کا راستہ کھول دیتی ہے۔

سید حسن علی صفدر
جماعت پنجم(پیلا)

کھانا ہوگا اور اچھے کپڑے ہوں گے، اس نے جیسے یاد آنے پر دوبارہ تصدیق کی ہاں وہاں کھانا کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہر وقت کھانا کھانے کو ملے گا ۔صارم نے تسلی دینے والے انداز میں جواب دیا ۔علی کو بہت بھوک لگی تھی اور یہاں صرف دو وقت کا کھانا ہی ملتا تھا وہ بھی بہت محدود مقدار میں ،اب علی کو جنت میں جانے کی جلدی تھی ۔اسکول پڑھانے کا جو انتظام یتیم خانے میں تھا وہ قدر بہتر تھا ،اساتذہ مخلص تھے لیکن چونکہ ضروری چیزیں انہیں میسر نہیں ہوتی تھی جس کی بنا پر وہ مجبور تھے ورنہ وہ اپنی سی کوشش کرتے تھے کہ بچوں کو اچھی تعلیم مل سکے ۔

ایک دن کچھ لوگ ان یتیم بچوں کو تفریح کے لیے ایک بس میں بٹھاکرلے گئے ، یتیم خانے کیے کچھ بڑے بھی ساتھ تھے۔ راستے میں صارم کو پولیس اسٹیشن نظر آیا ،صارم نے پولیس اسٹیشن پر لکھاہوا علاقے کا نام بھی پڑھا اور ذہن نشین کرلیا ۔تفریح کرانے والے لوگ اپنے بچے کے صدقے کے لیے ان یتیم بچوں کو تفریح کرا رہے تھے تاکہ ان کا بچہ جو ہاسٹل میں زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہا تھا کہ وہ جلد صحتیاب ہو جائے ۔

یہ بچے جو محبت اور اپنائیت سے محروم تھے،یہ وقت سے پہلے بڑے ہو جاتے ہیں ۔صارم بھی ایساہی بچہ تھا جو یتیم خانے میں دو سال گزار چکا تھا ۔وہ بھی بہت کچھ سمجھ اور سیکھ چکا تھا۔ اسے شدت سے محسوس ہوا کہ اس بچے کی کتنی اہمیت ہے اور جہاں ہم رہتے ہیں وہاں کتنے سارے بچے بیمار ہوتے ہیں، بیماری معمولی ہوتی لیکن خیال نہ ہونے کی وجہ سے وہ بگڑ جاتی ہے ،بچہ تاب نہ لاتے ہوئے مر جاتا ۔صارم نے دو سالوں میں کئی بار اس طرح کا منظر دیکھا ہے۔صارم اپنے خیالوں سے چونکا کہ گاڑی رک گئی تھی ،بس ایک پلے لینڈ کے سامنے رکی تھی۔

اس دن وہ بچے بہت عرصے بعد لطف اندوزہوئے تھے ۔پلے لینڈ سے واپسی پر علی بہت خوش تھا ،تفریح کے ساتھ نہ صرف اسے پیٹ بھر کھانا ملا تھا بلکہ آئس کریم بھی ملی تھی اور آخر میں بچوں سے اجتماعی دعا بھی کروائی گئی تھی ۔

علی کو صبح سے ہلکی کھانسی اور زکام ہوا ،سردی شروع ہوئی تھی مگر اب تک ایسے کپڑے نہیں پہنچے تھے جو انہیں سردی سے بچا سکے اور علی جو معمولی بیمار تھا اسے بخار نے بھی ا آلیا ۔صارم نے علی کو سست سوتے ہوئے دیکھا تو آنٹی سے کہا ،آنٹی کوئی دوائی اور گرم کمبل دے دیں علی کو بخار ہو رہا ہے ۔وہ عورت ان سنی کر کے چلی گئی ۔صارم نے بستر کی چادر اتار کر علی کو اوڑھائی ،اسے اب سردی بھی بہت لگ رہی تھی مگر بے حس انتظامیہ کو کوئی پرواہ نہیں تھی ،چادر اتارنے پر صارم کو زوردار تھپڑ سے بھی نوازا گیا تھا۔علی بیماری کے باعث بالکل خاموش ہوگیا تھا۔ ایک ہفتے کی بیماری کے بعد بہت سی دوسرے بچوں کی طرح علی نے بھی دم توڑ دیا ۔آخری بات جو اس نے کہی ''بھائی !مجھے اچھے کھانے کی خوشبو آرہی ہے''۔

علی کے مرنے کے بعدصارم نے پولیس اسٹیشن خط لکھااور ایک دن جب بچوں کوباہرپی ٹی کے لیے لیکرجایاگیا صارم نے چپکے سے لیٹر باکس میں اپنا خط ڈال دیا۔ایک دن اس کی محنت رنگ لائی اور یتیم خانے کی تفتیش شروع ہو گئی۔ دوسرے این جی اوز بھی شامل ہوئے ، تحقیقات سے انتظامیہ کی نااہلی ثابت ہوگئی اورایک نئی انتظامیہ تشکیل دی گئی جواپنی ذمہ داری بحسن خوبی انجام دینے لگی۔

محمد رزین رضوان
جماعت سوم (گولڈن)

# عشرہ اقبال

عثمان پبلک اسکول کیمپس 51 میں 'عشرۂ اقبال' کا شاندار انعقاد: طلبہ نے حکیم الامت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا

عثمان پبلک اسکول کیمپس 51 میں شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کی خدمات اور ان کے افکار کو نئی نسل تک پہنچانے کے لیے "عشرۂ اقبال" جوش و خروش سے منایا گیا۔ اس دس روزہ سرگرمیوں کا مقصد طلبہ میں خودی، شاہین کی پرواز اور اقبال کے آفاقی پیغام کو اجاگر کرنا تھا۔

اس دوران مختلف علمی و ادبی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا جن کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

مقابلہ پوسٹر ڈیزائن:

طلبہ نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے اقبال کے اشعار اور ان کے تصورات کو رنگوں اور خاکوں کی مدد سے پوسٹرز پر منتقل کیا۔ "خودی"، "شاہین" اور "جگنو" جیسے موضوعات پر بنائے گئے پوسٹرز نے دیکھنے والوں کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا۔ مقابلہ تقریر:

تقریری مقابلے میں ننھے مقررین نے اقبال کے فلسفے اور امت مسلمہ کے لیے ان کے خوابوں پر پرجوش انداز میں روشنی ڈالی۔ طلبہ کے جوش و خروش اور پراعتماد لہجے نے کلاس کے ماحول کو گرما دیا۔

کوئز مقابلہ:

طلبہ کی ذہنی آزمائش کے لیے ایک کوئز مقابلہ منعقد کیا گیا جس میں علامہ اقبال کی زندگی، ان کی خدمات، تاریخی پس منظر اور ان کے کلام سے متعلق سوالات پوچھے گئے۔

مقابلہ بیت بازی:

اس مقابلے میں طلبہ نے کلامِ اقبال پر مبنی اشعار کا تبادلہ کیا، جس نے ماحول کو ادبی رنگ میں رنگ دیا۔ طلبہ کی حاضر جوابی اور اشعار پر گرفت نے اس مقابلے کو انتہائی دلچسپ بنا دیا، جس سے حاضرین بے حد محظوظ ہوئے۔



طلبہ نے بھرپور تیاری کے ساتھ حصہ لیا اور اقبال شناسی کا ثبوت دیا۔

مقابلہ نظم:

مقابلہ نظم میں طلبہ نے "ہمدردی"، "ایک گائے اور بکری" اور بچوں کے لیے لکھی گئی اقبال کی مشہور نظمیں نہایت خوبصورت ترنم اور عقیدت کے ساتھ پیش کیں، جس سے سماں باندھ گیا۔

ان تقریبات نے نہ صرف طلبہ کی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو نکھارا بلکہ ان کے دلوں میں اقبال سے محبت اور ان کے پیغام پر عمل کرنے کا جذبہ بھی بیدار کیا۔

## اسپورٹس ڈے

کیمپس 51 کے زیر انتظام کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا اس میں بچوں نے ہاؤس وائس اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا کھیلوں میں فٹبال کرکٹ رسا کشی اور مقابلے ہوئے کھیلوں کے اغاز سے قبل سر عزیر اکرم صاحب نے بچوں کو کھیلوں کی اہمیت اور افادیت کے بارے میں اگاہ کیا اور بچوں سے او کے لی گئیں کھیلو کی نگرانی سر نعیم سر ذیشان اور دیگر اساتذہ نے کی۔















# SCIENCE FAIR


















# MATHS FAIR


















# SUPER SPELLER











# ENGLISH FAIR




















# SOFTBOARDS











# EVENTS









